نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کراپ زوننگ سے متعلق اجلاس کا انعقاد</u>

<u>زمین کی ساخت، پانی کے وسائل، آب و ہوا و دیگر وسائل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کراپ زوننگ کی جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو</u>

لاہور26مارچ 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں کراپ زوننگ سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کراپ زوننگ کیلئے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ تشکیل دینے کے احکامات صادر کرتے ہوئے کہا کہ کراپ زوننگ کو ایگرو ایکالوجیکل زونز کے مطابق حتمی شکل دی جائے۔ٹیکنیکل ورکنگ گروپ 1 ماہ کے اندر اپنی سفارشات مرتب کر کے پیش کرے اور زمین کی ساخت، پانی کے وسائل، آب وہوا و دیگر وسائل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کراپ زوننگ کی جائے۔انھوں نے مزید کہا کہ اس ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے فوکل پرسن ڈائریکٹر جنرل زراعت (کراپ رپورٹنگ) ہوں گے جبکہ ورکنگ گروپ میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت اور اربن یونٹ کا ایک نمائندہ شامل ہوگا۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کراپ زوننگ کو ایگرو ایکالوجیکل زونز کے مطابق حتمی شکل دی جائے اور پہلے فیز میں سرگودھا، فیصل آباد، ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور کے ڈویژنز میں کراپ زوننگ کا عمل مکمل کیا جائے ۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے سٹرس کی بحالی کیلئے محکمہ زراعت، یونیورسٹی اور اربن یونٹ کے ماہرین پر مشتمل کمیٹی تجاویز مرتب کر کے پیش کرنے کی بھی ہدایت کی ۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر انجم علی، ڈپٹی سیکرٹری زراعت (پلاننگ) ڈاکٹر کاشف بشیر، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆